12/04/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

حادثہ

ہندواڑہ میں آج صبح ایک کالج بس کو پیش آئے دلدوز حادثے میں دو طلباءجان بحق اور کئی دیگر زخمی ہوئے ہیں ۔ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب طالب علموں کو Picnic پر لے رہی ایک کالج بس وُڈ پورہ علاقے کے نزدیک ڈرائیور کے قابو سے باہر ہو گئی ۔

حادثے کے حوالے سے ڈسٹرکٹ اسپتال ہندواڑہ کے میڈیکل سپر انٹنڈنٹ ڈاکٹر اعجاز احمد بٹ نے ہمارے کپواڑہ کے نمائندے رفیق احمد کو تفصیلات دیتے ہوئے کہا ۔

------

تعزیت

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس حادثے میں دو نوجوان طالبہ تبسم مشتاق اور میمونہ کی موت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں غمزدہ کنبوں سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے حادثے میں زخمی ہوئے طالب علموں کی فوری صحتیابی کی دعا کی ۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انتظامیہ صورتحال پر قریبی نگاہ رکھے ہوئی ہے اور ہر طرح کی ضروری مدد یقینی بنائی جا رہی ہے ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ غریبوں اور محروم طبقے کا معیار زندگی بہتر بنانے ،سب کا ساتھ سب کا وِکاس کا منتر اور خدمت کا جذبہ، حکومت کے رہنما اصول ہیں۔ کل مدھیہ پردیش کے شہر اشوک نگر میں، عیسیٰ گڑھ کے مقام پر، شری آنند پور دھام میں شردھالو سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ غریبوں اور سماج کے محروم طبقے کے لوگوں کی زندگی کو، مزید آسان بنانے کے لیے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

## لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہاکہ ہمیں یہ تسلیم کرنا چاہئے کہ ترقی ایک باہمی تعاون کی کوشش ہے ۔ انہوں نے کہا کہ کمزور طبقوں کے مساوی مواقع ہماری ترجیح ہونی چاہئے۔

نئی دلی میں ، اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس ، شری ایودھیا نیاس اور پرگیہ سنستھان کے زیر اہتمام تین روزہ ”ایودھیا پرو 2025“ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایودھیا صرف ایک جغرافیائی جگہ نہیں ہے بلکہ یہ روحانیت ، گڈ گورننس اور بھرپور ثقافت کا گہوارہ ہے۔

## نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے محکمہ محنت اور روزگار کے کام کا جائزہ لینے کے لئے متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کی ہوئی ہے۔ انہوں نے Enterpreneurship Employment مزدوروں کی بہبود کی مختلف اسکیموں کے بارے میں بیداری عام کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

انٹرپرینیورشپ قائم کرنے کا ارادہ رکھتا Nano میٹنگ میں بتایا گیا کہ محکمہ ایک لاکھ 50 ہزار ہے۔

## ستیش شرما

خوراک ، رسدات اور امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے جموں و کشمیر میں آرکائیوز ریکارڈ کی سو فیصد ڈیجیٹائزیشن کرنے کے لئے کہا ہے ۔ آرکائیوز کی قومی کمیٹی کے دو روزہ اجلاس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ایسے پلیٹ فارم نہ صرف ہمارے ورثے کا جشن مناتے ہیں بلکہ شہریوں میں تعلیمی شعور اور ثقافتی افتخار کو بھی فروغ دیتے ہیں۔

اجلاس میں بیس کے قریب ریاستوں اور مرکزی علاقوں کے نمائندے شرکت کر رہے ہیں۔ مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیکھاوت نے کل ورچول طریقے سے اجلاس کا افتتاح کیا ۔

## چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے جموں و کشمیر میں منشیات کی اسمگلنگ سے نمٹنے کی خاطر میٹنگ کی صدارت Coordination پیشرفت کا جائزہ لینے کے لئے 13ویں یوٹی سطح کی نارکو کی۔ میٹنگ میں اہم کامیابیوں ، موجودہ چیلنجوں اور مستقبل کی حکمت عملیوں کو اجاگر کیا گیا ۔

چیف سکریٹری نے اس بدعت سے کامیابی کے ساتھ نمٹنے کے لئے سخت قانون نافذ کرنے والے اداروں ، عدالتی کارکردگی اور معاشرتی بیداری کے ساتھ کثیر الجہتی حکمت عملی کو اپنانے کی فوری ضرورت پر زور دیا۔

## SMC

سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر ڈاکٹرواوس احمد نے پردھان منتری آواس یوجنا-اربن 2.0 کی پیشرفت کا افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جائزہ لیا ۔

کمشنر موصوف نے عمل آوری کے دوران شفافیت اور شمولیت کی اہمیت پر زور دیا تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہو سکےں ۔

## اگنی پتھ سکیم

فوج میں اگنی پتھ سکیم کے تحت اگنی ویروں کی بھرتی ریلی کے لئے آخری تاریخ 25 اپریل تک بڑھا دی گئی ہے ۔ اس ریلی میں وادی کے تمام ضلعوں اور لداخ یوٹی کے اہل امیدوار حصہ لے سکتے ہیں۔ امیدوار ویب سائٹ www.joinIndianArmy.nic.in پر فارم بھر سکتے ہیں۔

اس بار امیدوار دو زمروں میں بھی فارم بھر سکتے ہیں اور ایسے امیدوار بھی فارم بھرنے کے اہل ہیں جو دسویں یا بارہویں جماعت کے نتائج کے انتظار میں ہیں۔

## بانڈی پورہ

ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی بانڈی پورہ کے تحت تحصیل قانونی خدمات کمیٹی گریز نے بچوں کے حقوق اور بچوں کے ساتھ زیادتی سے متعلق بیداری پروگرام منعقد کیا ۔

اس موقعہ پر مقررین نے بچوں کے حقوق کی حفاظت اور ان کی نشوونما وترقی کے لئے ایک مناسب ماحول کو یقینی بنانے کی اہمیت اجا گر کی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**